# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1215 https://www.facebook.com/pakpgov

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I(R)/2026/** 1621-
**Dated, Peshawar the ___06/08/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 278 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **06-08-2026** passed unanimously the following Joint Resolution No.278 moved by Mr. Shafi Ullah, Parliamentary Secretary for Transport and Mass Transit, Mr. Nazir Ahmad Abbasi, Minister for Energy and Power, Mr. Iftikhar Ali Mashwani, Mr. Akbar Ayub Khan, Arbab Muhammad Usman Khan, Mr. Abdul Ghani, Mr. Muhammad Abdul Salam, Mr. Fazal Elahi, Mr. Ahmad Kundi and Ms. Shazia Tehmas Khan, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

یہ ایوان 05 اگست 2019ء کو حکومت ہند کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور آرٹیکل A35 کے خاتمے کے ذریعے بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر ختم کرنے، اس کی متنازعہ حیثیت کو تبدیل کرنے، آبادی کے تناسب میں ردوبدل کی کوششوں، بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں اور کشمیری عوام کی سیاسی، مذہبی، معاشی اور سماجی آزادیوں پر عائد پابندیوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔

یہ ایوان قرار دیتا ہے کہ ہندوستان کی کشمیر میں حیثیت ایک بیرونی قابض کی ہے اور اس کا کوئی بھی سیاسی عمل حق خودارادیت کا متبادل نہیں ہو سکتا۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے۔ سلامتی کونسل کی قرارداد نمبر 91 سال 1951 اور قرارداد نمبر 122 سال 1957 بالکل واضح ہیں کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے کے علاوہ کوئی بھی سیاسی اقدام کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ نہیں کر سکتا۔

یہ ایوان بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے عوام کی جرأت، استقامت اور بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس یقین کا اظہار کرتا ہے کہ کشمیری عوام کی جائز امنگوں کو طاقت کے استعمال سے دبایا نہیں جاسکتا۔ یہ ایوان حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مسئلہ جموں وکشمیر کو اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کی اپنی سفارتی کوششیں مزید مؤثر بنائے، کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے اور مسئلہ جموں وکشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے اپنی کاوشیں تیز کرے۔

یہ ایوان اقوام متحدہ، عالمی برادری، اور بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیں، کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کریں اور مسئلہ جموں وکشمیر کے پرامن اور منصفانہ حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے لیے اقدامات اٹھائیں۔ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لیں اور کشمیریوں کو حق خودارادیت دلانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

مزید براں یہ ایوان 5 اگست یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے متفقہ طور پر بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتا ہے، ان کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی مکمل حمایت کا اظہار کرتا ہے اور اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ مسئلہ جموں وکشمیر کا منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل صرف کشمیری عوام کی آزادانہ خواہشات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہی ممکن ہے۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

**(NAJEEB ULLAH)**
Assistant Secretary-XI,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa